


# شاداب خان اور یاسر شاہ کے رہ ہیب پر اپ ڈیٹ

- شاداب خان 8 ہفتے کاری ہیب مکمل کرنے پر اسلام آباد یونائیٹڈ کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 میں دستیاب

**لاہور، 22 مئی 2021ء:**

آلراؤنڈر شاداب خان کو ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے بقیہ میچز میں شرکت کے لیے کلیئر قرار دے دیا گیا ہے۔ وہ لیگ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کریں گے۔ لیگ کے بقیہ 20 میچز ابوظہبی میں کھیلے جائیں گے۔

جنوبی افریقہ کے خلاف دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ کے دوران بائیں پاؤں کی انجری کے باعث شاداب خان کو 8 ہفتے کے لیے ری ہیب تجویز کیا گیا تھا، نوجوان آلراؤنڈر نے ان 8 میں سے 7 ہفتے کاری ہیب کامیابی سے مکمل کرلیا ہے۔

جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز کے بعد یاسر شاہ نے نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں ری ہیب پروگرام میں شرکت کی تھی، جہاں ان میں واضح بہتری دیکھی گئی تھی۔ لیگ اسپنر نے رننگ اور باؤلنگ شروع کررکھی ہے تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات مناسب وقت پر جاری کردی جائیں گی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWD
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

National Team Partners
Domestic Partners
Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial